بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

تَعَاوَنُوا عَلَی البِرِوَالتقویٰ وَلَاتَعَاوَنُوا عَلَی الاثمِ وَالعُدوَانِ (القرآن)

نیکی اور تقویٰ کے کاموں میں ایک دوسرے کی مدد کرو، اور گناہ اور نافرمانی کے کاموں میں ایک دوسرے کی مدد نہ کرو۔

تعارف وخدمات
انجمن اصلاحِ معاشرہ
ابراہیم پور، ضلع اعظم گڑھ

از قلم

مولانا حبیب الرحمٰن الاعظمی ابراہیم پوری

فاضلِ دارالعلوم دیوبند

المشتہر

قاری حنظلہ توحید اعظمی ابراہیم پوری

(Hanzala International Printers)

Mob:6393173866

انجمن اصلاحِ معاشرہ کا پیغام

●

یٰٓاَیُّھَاالَّذِینَ آمَنُوا قُوا اَنفُسَکُم وَاَھلِیکُم نَارًا (القرآن)

اے ایمان والو! اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو جہنم کی آگ سے بچاؤ!

●

سرپرستِ انجمن

مفکرِ ملت

حضرت مولانا محفوظ الرحمٰن صاحب کریمی قاسمی ابراہیم پوری

بانی وصدرِ انجمن

داعیٔ سنت

حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب قاسمی ابراہیم پوری

جنرل سکریٹری

جناب ماسٹر قاری شمس الاسلام صاحب اعظمی ابراہیم پوری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تعارف وخدمات
انجمن اصلاحِ معاشرہ، ابراہیم پور

نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم، امابعد

برادرانِ اسلام وہمدردانِ ملت:

عصرِ حاضر میں مسلمانوں کی روز بروز، دین سے بڑھتی ہوئی دوری، احکامِ الٰہیہ سے غفلت، شعارِ اسلام سے لاپرواہی اور فرائض وحقوق سے بے اعتنائی، نیز چھوٹے بڑے طرح طرح کے گناھوں میں انہماک اور نوجوان نسل کا بہت تیزی سے مغربی اثرات کو قبول کرنا، اور برائیوں میں شب و روز محوومست رہنا، نیز عورتوں اور نوجوان لڑکیوں میں بے پردگی اور بے حیائی کا سیلاب، فیشن کے نام پر عریانیت کی وباء، الغرض پورے مسلم معاشرے میں یہ اور اس طرح کی بہت ساری خرافات اور برائیاں عام ہیں، اور پورے مسلم معاشرے کو تباہ و برباد کر رہی ہیں۔

گناہوں کی کثرت نے مسلم معاشرے کو اندر سے بالکل کھوکھلا کر دیا ہے، اور بہت سے لوگ دینی تعلیم سے ناواقفیت کی بنا پر کلمہ نماز اور قرآن وسنت سے محروم ہیں، اور بس نام کے مسلمان باقی رہ گئے ہیں، حتیٰ کہ بہت سے گھرانے

اور افراد ایسے بھی ہیں، جن کو نہ کلمہ صحیح ڈھنگ سے آتا ہے اور نہ کلمہ کا معنیٰ اور مطلب پتہ ہے، وہ اسلام کی بنیادی چیزوں سے بھی ناواقف ہیں۔

اِدھر دَورِ جدید کی نئی نئی ایجادات نے نوجوان نسل کو دین اور قرآن سے مزید دور کر کے ان کو ہلاکت کی انتہاء تک پہونچا دیا ہے، اور نوجوان لڑکے لڑکیاں اپنے شب وروز گناہوں اور عیاشیوں اور اللہ و رسول کی نافرمانیوں میں بسر کر رہے ہیں، اور گھر کے بڑے بزرگ، ماں باپ اپنے بچوں کی اسلامی تعلیم و تربیت سے ایسے غافل ہیں کہ انھیں ہوش ہی نہیں کہ ہماری اولاد، دن کے اجالوں اور رات کی تاریکیوں میں کیا کچھ کر رہی ہے۔

صورتِ حال مجموعی طور پر انتہائی خطرناک ہے، اور اللہ کے عذاب کو دعوت دینے والے اعمال دن رات بڑھتے جا رہے ہیں، ایسے حالات میں اگر اہل ایمان، جن کو اللہ نے دینی بصیرت سے نوازا ہے، اور جو قوم وملت کے ہمدرد کہے جاتے ہیں، اگر یہ لوگ اپنی دینی وملی بیداری کا ثبوت پیش کرتے ہوئے میدانِ عمل میں سرگرم نہ ہوئے، تو مستقبل مزید تاریک ہوسکتا ہے، اور پھر معاشرہ میں گناہوں اور برائیوں کے وہ طوفان اٹھیں گے جن کا روکنا ہمارے لئے انتہائی مشکل ہوگا۔

ان ہی حالات اور موجودہ بگڑی ہوئی صورتِ حال کے پیشِ نظر، قوم و ملت کے چند ہی خواہ بزرگوں، نوجوانوں اور علاقہ کے دردمند علمائے کرام و فضلائے دیوبند کی تحریک مسلسل اور جہد پیہم کے نتیجہ میں سنہ ۱۴۳۰ھ مطابق سنہ ۲۰۱۰ء میں انجمن اِصلاحِ معاشرہ ابراہیم پور کا قیام عمل میں آیا۔

جس کا بنیادی مقصد اصلاحِ عقائد و اِصلاح اعمال کے ساتھ سماج میں پھیلی ان تمام برائیوں کا سدباب کرنا بھی ہے، جو مسلم معاشرہ کو دیمک کی طرح

چاٹ رہی ہیں، اور ایمان کی روح کو کمزور کررہی ہیں۔

الحمدللہ انجمن اصلاحِ معاشرہ ابراہیم پور اپنے قیام کے روزِ اول سے ہی حتی الوسع، امر بالمعروف ونہی عن المنکر کا فریضہ انجام دے رہی ہے، اور عوام تک دینی و اِصلاحی باتوں اور شرعی مسائل کو تقریر وتحریر کے ذریعہ پہونچانے اور معاشرہ کو سدھارنے اور سنوارنے کی کوشش کررہی ہے۔

ویسے تو انجمن اصلاح معاشرہ کے مقامی سطح پر جلسے اور دینی پروگرام ہوتے رہتے ہیں، جن میں پہلا جلسہ، جلسۂ اصلاح معاشرہ کے عنوان سے مورخہ ۲۲/جون ۲۰۱۸ء مطابق ۷/شوال ۱۴۳۹ھ بروز جمعہ بعد نمازِ عشاء ڈھکن محلہ ابراہیم پور میں ہوا تھا، جس میں نمونہ سلف حضرت مولانا مفتی محمد امین صاحب مبارکپوری استاذ حدیث جامعہ عربیہ احیاء العلوم مبارک پور، اور متکلم اسلام حضرت مولانا شاکر عمیر معروفی استاذِ حدیث جامعہ عربیہ احیاء العلوم مبارک پور کے علمی و اصلاحی پر مغز بیان ہوئے تھے، یہ عظیم جلسہ، اصلاح معاشرہ کے ساتھ استقبال فضلائے دارالعلوم دیوبند کے عنوان پر بھی ہوا تھا، جس میں خطبۂ صدارت پیش کرتے ہوئے سرپرست انجمن، مفکر ملت حضرت مولانا محفوظ الرحمٰن کریمی قاسمی نے بہت ہی دل نشیں انداز میں دارالعلوم دیوبند کی عظمت وغیرہ سے متعلق تفصیلی گفتگو کی، اور فضلاء دیوبند کی خدمات اور ذمہ داریوں پر بھی روشنی ڈالی۔

اس جلسہ میں ابراہیم پور اور قرب وجوار کے بہت سارے علماء کرام اور عوام شریک ہوئے تھے، اور جلسہ کو کامیابی سے ہمکنار کیا تھا۔

انجمن اصلاح معاشرہ ابراہیم پور کے زیر اہتمام دوسرا جلسہ، اصلاح معاشرہ کے عنوان سے ہی جامع مسجد ڈھکن محلہ ابراہیم پور میں ۱۳/جولائی ۲۰۱۸ء کو منعقد ہوا، جس میں نمونہ سلف مولانا مفتی محمد امین صاحب مبارکپوری استاذ

حدیث جامعہ عربیہ احیاء العلوم مبارک پور، اور حامیٔ سنت مولانا مفتی وصی الرحمٰن صاحب قاسمی محمد آبادی استاذ حدیث جامعۃ الزاہدات جامعہ نگر اتراری خیرآباد کے بیانات سے عوام وخواص مستفید ہوئے تھے، یہ جلسہ محلہ کے چھوٹے بچوں کی تحریک پر ہوا تھا، اور بحمداللہ یہ بھی کامیاب رہا۔

ان کے علاوہ پچھلے کئی سالوں سے وقتاً فوقتاً ہر دو چار ماہ میں خواتین کا اجلاس بھی منعقد ہوتا رہا ہے، جس میں پاس پڑوس کی عورتیں دینی جذبہ اور حوصلہ مندی کے ساتھ شریک ہوتی رہی ہیں، اور اہلِ علم کی گراں قدر باتوں اور نصیحتوں سے اپنی زندگی کو سنوارنے کی کوشش کرتی ہیں۔

نیز جامع مسجد ڈھکن محلہ ابراہیم پور میں ہر ہفتے ہونے والا دینی واصلاحی بیان بھی اسی سلسلۂ اصلاح معاشرہ کی ایک کڑی ہے، جس کے مفید نتائج الحمدللہ لوگوں کے سامنے آرہے ہیں۔

اسی کے ساتھ وقتاً فوقتاً پمفلٹ اور کتابچہ کی شکل میں دینی واصلاحی باتیں تحریری طور پر عوام کے سامنے پہونچانا بھی انجمن اصلاحِ معاشرہ کی بنیادی ذمہ داریوں میں شامل ہے، اور اب تک کئی اشتہار اور پمفلٹ عوام تک پہونچائے جاچکے ہیں، جن میں:

مسجد کے آداب

داڑھی کا شرعی حکم

کیا ہم مسلمان ہیں؟

وصیت نامہ کی حقیقت

خواتین کے لیے عظیم دینی تحفہ

مسائل اعتکاف

وغیرہ قابل ذکر ہیں، جن کو اہل علم حضرات نے بھی پسند کیا، اور عوام بھی جن سے خوب تر مستفید ہوتی رہی اور ہو رہی ہے، اس سلسلے میں مزید توسیع کرتے ہوئے مستقبل میں مزید دینی و اصلاحی کام کرنے کے عزائم اور ارادے ہیں، اللہ تعالیٰ توفیق عمل عطاء فرمائے، آمین

قارئین کرام!

انجمن اصلاحِ معاشرہ کے عزائم و مقاصد، مستقبل کے منصوبے اور مختصر خدمات و کارنامے آپ کے سامنے ہیں، انجمن ھٰذا کافی الحال نہ کوئی مستقل دفتر ہے، نہ مستقل وسائل، چند مخلص احباب و رفقائے کار کے مخلصانہ تعاون سے حسبِ ضرورت کام انجام پاتے جا رہے ہیں، اور مخلص حضرات کے مفید مشورہ سے اب تک کام آگے بڑھتا رہا ہے، اس کو مزید ترقی دیتے ہوئے انجمن کے لیے ایک مستقل دفتر کی ضرورت ہے، تاکہ انجمن کے عزائم و مقاصد بحسن و خوبی انجام پاسکیں، اور مستقبل میں انجمن مزید متحرک و فعال ہو کر دینی خدمات انجام دے سکے۔ واللہ المستعان وعلیہ التکلان

حالات کی نزاکت اور اصلاحِ معاشرہ کی ضرورت محسوس کرتے ہوئے، آپ بھی انجمن اصلاح معاشرہ سے جُڑیے، اور اپنے احباب و متعلقین کو بھی اس کارِ خیر سے جوڑیے، اور اصلاح و نیکی کے کاموں میں تعاون فرما کر دنیا و آخرت کی بھلائی حاصل کیجیے۔

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

تحریر: ۷؍رمضان المبارک ۱۴۴۰ھ

مطابق ۱۳؍مئی ۲۰۱۹ء سوموار

کاشانۂ رحمت محلہ ڈھن ابراہیم پورا اعظم گڑھ